Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

28فروری2015

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

## امریکی سفیر رچرڈ اولسن نے جامعہ کراچی میں ڈپارٹمنٹ آف ٹیچر ایجوکیشن بلڈنگ کا افتتاح کیا

کراچی۔امریکی سفیر رچرڈ اولسن اور سندھ کے صوبائی وزیر تعلیم نثار احمد کھڑو نے امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے تعاون سے جامعہ کراچی میں تعمیر ہونے والی ڈپارٹمنٹ آف ٹیچر ایجوکیشن بلڈنگ کا افتتاح کیا۔

اس موقع پر منعقد ہونے والے تقریب سے خطاب کے دوران سفیر رچرڈ اولسن نے پاکستان میں تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کے سلسلے میں امریکا کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ 'امریکا حکومت پاکستان کے ساتھ مل کر ملک میں اساتذہ کی تربیت کا معیار بہتر بنانے اور مستقبل کے اساتذہ کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لئے مصروف عمل ہے۔یہ عمارت بہترین تعلیمی ادارے تشکیل دینے کے سلسلے میں پاکستان اور امریکا کے مشترکہ عزم کی ایک روشن مثال ثابت ہو گی۔'

USAID کے تعاون سے تعمیر کی جانے والی ڈپارٹمنٹ آف ٹیچر ایجوکیشن بلڈنگ میں چار لیبارٹریز، سمینار ہال، لائبریری، لرننگ ریسورس سنٹر، برقی زینہ اور جسمانی مشکلات کا شکار افراد کیلیے سہولیات موجود ہیں۔یہ عمارت اساتذہ کی تعلیم کے دو نئے پروگراموں، دو سالہ ایسوسی ایٹ ڈگری ان ایجوکیشن (ADE) اور چار سالہ بیچلر آف ایجوکیشن (B.Ed Honors) کی تعلیم کے لئے استعمال کی جائے گی۔یہ دونوں تعلیمی منصوبے ہائر ایجوکشن کمیشن اور USAID نے 2010ء میں ترتیب دیئے تھے۔

امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) پاکستان بھر میں جدید سہولیات سے آراستہ ڈپارٹمنٹ آف ٹیچر ایجوکیشن کی 17 نئی عمارتوں کی تعمیر اور بحالی کے لئے 45 ملین ڈالر فراہم کر رہا ہے۔امریکی حکومت کے مختلف تعلیمی منصوبوں سے اب تک 14 ہزار سے زائد پاکستانی طلبا فائدہ اٹھا چکے ہیں جبکہ امریکا میں ماسٹرز اور پی ایچ ڈی کی تعلیم حاصل کرنے کیلیے فل برائٹ پروگرام میں سب سے زیادہ تعداد پاکستانی طلبا کی ہے۔

امریکی حکومت کے مختلف تعلیمی منصوبوں کے بارے میں جاننے کیلیے وزٹ کریں:

http://www.usaid.gov/pakistan/education

####